مسلم معاشرہ کو سماجی خرابیوں سے محفوظ بنانے کیلئے اسوۂ نبویؐ کو عام کرنے کی اشد ضرورت

ماہ ربیع الاول میں قتل، خودکشی، شراب نوشی اور سودخوری کیخلاف منظّم مہم چلائیں۔ مولانا ممشاد پاشاہ کا قبل از جمعہ خطاب

حیدرآباد۔ (راست) حضور اقدسؐ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں، آپؐ پر نبوت اور شریعت ختم ہوگئی، قیامت تک آپؐ کا شہرہ ہے، آپؐ کے معروف صفاتی نام کئی ہیں، لیکن ان میں سب سے افضل رحمت عالمین ہے اور اس حقیقت کی گواہی خود اللہ تعالیٰ نے دی ہے، فرمایا، اے حبیب! ہم نے آپ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر ہی بھیجا ہے۔ ان خیالات کا اظہار نبیرۂ حضرت سید زرد علی شاہ صاحب مہاجر مکی مولانا سید محمد علی قادری الہاشمی ممشاد پاشاہ بانی و صدر مرکزی مجلس قادریہ نے جامع مسجد خواجہ گلشن، مہدی پٹنم اور مسجد محمودیہ ناغڑ، یاقوت پورہ میں قبل از جمعہ خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا ممشاد پاشاہ نے کہا کہ عالمین جمع ہے عالم کی۔ اللہ تعالیٰ کے سوا تمام مخلوق کو عالم کہتے ہیں، لفظ عالم بھی جمع ہے لیکن عالمین اس کی عمدہ ترین ترجمانی ہے۔ حضور اقدسؐ رسولوں اور فرشتوں کیلئے رحمت ہیں، دین و دنیا میں رحمت ہیں، انسانوں اور جنات کیلئے رحمت ہیں، مومن و کافر کیلئے رحمت ہیں، حیوانات، نباتات اور جمادات کیلئے رحمت ہیں غرضیکہ عالم میں جتنی چیزیں داخل ہیں، حضور اقدسؐ ان سب کیلئے رحمت ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضور اقدسؐ کا رحمت ہونا عام ہے، ایمان والے کیلئے بھی اور اس کیلئے بھی جو ایمان نہ لایا۔ مومن کیلئے تو آپؐ دنیا و آخرت دونوں میں رحمت ہیں اور جو کافر ہے اس کیلئے دنیا میں رحمت ہیں کہ آپؐ کی بدولت اس کے دنیوی عذاب کو موخر کردیا گیا اور اس سے زمین میں دھنسانے کا عذاب، شکلیں بگاڑ دینے کا عذاب اور جڑ سے اکھاڑ دینے کا عذاب اٹھا دیا گیا۔ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اٹھارہ ہزار عالم پیدا کئے ہیں، آسمانوں کے عالم چھ ہزار، زمینوں کے عالم چھ ہزار اور پانی کے عالم چھ ہزار۔ حضور اقدسؐ کی نبوت و رسالت کا امتیاز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اقدسؐ کو رحمت عالمین بنا کر مبعوث فرمایا، اللہ تعالیٰ کے حکم و اذن سے یہ سب عالمین ہمہ وقت آپؐ کے علم، دسترس اور رحمت میں ہیں، یہ لقب اور شرف ایسا ہے جو کسی اور کیلئے استعمال نہیں کیا گیا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے تمام انبیاء و مرسلین رحمت تھے لیکن رحمت عالمین نہیں تھے، ان کی شانِ رحمت اپنی قوم، اپنے علاقے، اپنے دور اور اپنے زمانے تک محدود تھی، جبکہ حضور اقدسؐ کی رحمت و شفقت کا دائرہ ہر عہد، ہر زمانے، ہر قوم، اپنے پرائے، جملہ کائنات اور جملہ مخلوقات یہاں تک کہ تمام جہانوں اور دنیا و آخرت کو شامل ہے۔ حضور اقدسؐ کی صفت رحمت اور آپؐ کی شان رحمت کی تجلّی عام ہے، خزینہ رحمت اور غم خوار امت کے دربار عالیشان میں دوست، دشمن، اپنا پرایا، عورت، مرد، بوڑھے بچے، کافر، مسلم، آقا و غلام، انسان، حیوان، کائنات اور تمام جہانوں کا ذرّہ ذرّہ ہر ایک صنف ہستی برابر کی حصّے دار ہے۔ حضور اقدسؐ کے رحمت بیکراں نے دنیا کو امن عالم کے قیام کا فلسفہ عطا فرمایا، بندوں کو اپنے خالق سے ملایا، غریبی و امیری، جوانی و پیری، امن اور جنگ، رنج و راحت، حزن و مسرت، ہر موقع اور مقام پر انسانیت کی راہ نمائی فرمائی اپنے تعلیمات کے ذریعہ تمام افرادِ بشر کو بھائی بھائی قرار دیا، جانی دُشمنوں کو پروانہ اَمن و امان عطا فرمایا، انسانوں کے تمام طبقات، امیر و غریب، عوام و خواص، بوڑھوں، بچوں، جوانوں، مردوں عورتوں، نیک و بد، محنت کشوں، مزدوروں، غلاموں، کنیزوں کیساتھ رواداری و غم گساری، مساوات و ہم دردی کے جذبات سے معاشرے کو آراستہ فرمایا۔ حالات بد سے بدتر ہوتے جارہے ہیں، باطل پہلے سے کہیں زیادہ تیاری اور نئی سازشوں کیساتھ حق کو مٹانے کی کوشش کر رہا ہے، ان حالات میں ہم اپنے کردار کو بدلنے کی کوشش کریں، اخلاق نبوی کو اختیار کریں، اور اس بات کا یقین رکھیں کہ انسانیت کی نجات و فلاح اور عزت و بقا کا واحد راستہ اسوۂ نبوی ہی ہے۔ علماء کرام اور مشائخ عظام اپنی ذمہ داری مانتے ہوئے ماہ ربیع الاول شریف میں امت مسلمہ کو متحد کرنے کی کوشش کے ساتھ قتل، خودکشی، شراب نوشی اور سود خوری کے خلاف منظّم مہم چلائیں۔

تلنگانہ کو بھی خدشاتی طور پر برقی بحران کا ہوسکتا ہے سامنا

شدید بحران کے باعث دوسری ریاستوں سے بھاری قیمت پر برقی کی خریداری پر بھی غور



حیدرآباد۔ (ایس این بی) تلنگانہ جینکو کے اعلیٰ عہدیداروں نے کہا کہ دستیاب کوئلے کے ذخائر صرف ایک ہفتے کے لیے تھرمل پراجکٹس کی ضرورت کو پورا کریں گے۔ اس بات کی اطلاعات ہیں کہ ملک کو توانائی کے بحران کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے کیونکہ کوئلے کے ذخائر صرف اگلے چار دنوں کے لیے کافی ہیں۔ مرکزی وزارت توانائی نے دوسرے دن اشارہ کیا کہ انہیں اگلے تین یا چار دنوں میں تھرمل پاور کی پیداوار کے لیے کوئلے کی طلب کو پورا کرنے کے لیے سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ (ایس سی سی ایل) سے پیدا ہونے والے کوئلہ پر اکتفا کرنا پڑسکتا ہے۔ تلنگانہ تھرمل پاور یونٹس کو اگلے ہفتے سے کوئلے کے شدید بحران کا سامنا کرنا پڑے گا۔ عہدیداروں نے بتایا کہ ریاست میں 3 ہزار میگاواٹ سے زیادہ کی نصب صلاحیت والے تھرمل یونٹس کو روزانہ تقریباً 50 ہزار ٹن کوئلے کی ضرورت ہوتی ہے۔ فی الحال ریاست ایس سی سی ایل کی طرف سے پیدا ہونے والے کوئلے اور بھوپال پلی ضلع کے تاڈی چیرلہ میں واقع ایک کان پر انحصار کرتی ہے۔ اگر کوئلے کا بحران شدت اختیار کرتا ہے تو ریاست کو نیشنل پاور ایکسچینج پر انحصار کرنا پڑے گا اور دوسری ریاستوں سے برقی خریدنی پڑے گی۔ ایس سی سی ایل سے کوئلے کی سپلائی بند ہونے کی صورت میں ایمرجنسی کے وقت جیواشم ایندھن کی مناسب فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ریاستی توانائی کے حکام کوئلے کی فراہمی اور طلب اور ملک بھر میں اس کی دستیابی پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مرکزی وزارت توانائی سے بھی درخواست کرے گی کہ وہ ریاستی تھرمل یونٹوں کو مقامی کوئلہ دستیاب کرے۔

ایام عزاداری کا 15 اکتوبر کو اختتام

حیدرآباد۔ (راست) یکم محرم سے جاری ایام عزاداری کا 8 ربیع الاول مطابق 15 اکتوبر کو ہوگا۔ علی اصغر رشید (حسینی علم) نے بتایا کہ انجمن معصومین 8 ربیع الاول کو ایک بجے دن الاوہ بی بی دبیر پورہ میں وداعی ماتم کا نذرانہ پیش کریں گے۔ صدر انجمن میر مختار علی کی نگرانی میں میر حیدر علی صدر نوحہ خواں کی نوحہ خوانی میں عزاداری اہلبیت سینہ زنی کا نذرانہ پیش کریں گے۔

میلاد رحمت اللعالمینؐ و پیام خواتین کانفرنس

حیدرآباد۔ (راست) محمد رفیق احمد زبیر کنوینر کانفرنس کے بموجب الصدیق ریفام فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ماہانہ اجتماع برائے خواتین 10 اکتوبر بروز اتوار بعد ظہر تا عصر جامع مسجد محمدیہ (چونے کی بھٹی، مصری گنج) کی پہلی منزل پر مقرر ہے۔ نگران کانفرنس مولانا عرفان اللہ شاہ نوری سیفی مناقب امام حسنؓ کے عنوان پر پس پردہ افتتاحی خطاب فرمائیں گے۔ قاری محمد عبدالوہاب کی قرأت سے کانفرنس کا آغاز ہوگا جبکہ شیخ الطاف حسین و محمد عبدالمنیر قادری نعت و منقبت سنانے کی سعادت حاصل کریں گے۔ بعد ازاں عالمہ فاطمہ محمدی (معلّمہ کلیۃ البنات جامعہ نظامیہ) و عالمہ امۃ المعین خدیجہ (کاملہ کلیۃ البنات جامعہ نظامیہ) کے خطابات ہوں گے۔ بعد کانفرنس خواتین اپنے شرعی مسائل عالمہ صاحبہ سے معلوم کرسکتی ہیں۔

میلاد بلڈ ڈونیشن کیمپ

حیدرآباد۔ (راست) عیدمیلادالنبیؐ کے مبارک و مسعود موقع پر بطور 'یوم امن' ہر سال کی طرح اس سال بھی میلاد بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد 12 ربیع الاول بوقت صبح 10 بجے تا شام 6 بجے بمقام آستانہ حضرت پیر جی ابوالعلائیؒ روبرو بس اسٹانڈ چار مینار، پنچ محلہ، حیدرآباد میں زیرسرپرستی مولانا سید شاہ عثمان محی الدین قادری ابوالعلائی المعروف علی پاشاہ سجادہ نشین و متولی آستانہ عالیہ و ماہر ڈاکٹرس کی نگرانی میں عمل میں آئے گا۔ اس کیمپ میں عطیہ کیا جانے والا خون تھیلسیما سے متاثرہ کمسن بچوں کو دیا جائے گا۔ تمام بالغ و صحت مند افراد سے بلالحاظ مذہب و ملت اس کار خیر میں خون کا عطیہ دینے کی خواہش کی جاتی ہے تاکہ تھیلسیما سے متاثرہ کمسنوں کی قیمتی زندگیوں کا تحفظ ہوسکے۔ مزید تفصیلات کیلئے 7093049462 پر ربط پیدا کریں۔

'دلیپ کمار اک عظیم اداکار' کا آج اجراء



حیدرآباد۔ (راست) ممتاز شاعر ڈاکٹر مسعود جعفری اور ریاض علی رضوی کی تصنیف کردہ کتاب " دلیپ کمار اک عظیم اداکار" کی رسم اجراء بروز ہفتہ 9 اکتوبر بوقت صبح 10 بجے رویندر بھارتی کی پہلی منزل پر کانفرنس ہال میں بدست وزیر داخلہ جناب محمد محمود علی انجام دی جائے گی۔ جلسہ کی صدارت بی ونود کمار وائس چیرمین پلاننگ بورڈ تلنگانہ کریں گے۔ سرینواس گوڑ وزیر آبکاری و سینماٹوگرافی بھی شریک ہوں گے۔ ڈاکٹر محمد غوث ڈائرکٹر سکریٹری اردو اکیڈیمی، ڈاکٹر انیس صدیقی، عصیم قریشی، ڈاکٹر سیادت علی، ڈاکٹر ناظم علی اظہار خیال کریں گے۔ تمام باذوق سامعین سے شرکت کی گذارش کی گئی ہے۔

وقف جائیدادوں پر قبضوں کی سی بی سی آئی ڈی تحقیقات کا اعلان ڈرامہ

وزیراعلی کے سی آر، مسلمانوں کے آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں: صدر تحریک مجید اللہ خان

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) صدر مجلس بچاؤ تحریک مجید اللہ خان فرحت نے چیف منسٹر کے سی آر کی جانب سے وقف جائیداد کے اسکینڈلس کی سی بی سی آئی ڈی تحقیقات کے اعلان کو ناکافی قرار دیا جبکہ سنٹرل وقف بورڈ نے کئی بار حکومت تلنگانہ سے تلنگانہ میں ہونے والی لوٹ کیخلاف سی بی آئی انکوائری کا مطالبہ کیا اور یہ واضح ہے کہ تلنگانہ میں وقف اراضیات کا اسکینڈل جو آج 5 سے 7 لاکھ کروڑ روپئے کی دھاندلیوں کی ملک میں نظیر نہیں ملتی۔ یہ صرف مسلمانوں کے آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے۔ مجید اللہ خان فرحت نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے سی آر سے مسلمان انصاف کے خواہاں ہے۔ کے سی آر وقف جائیدادوں پر اسمبلی میں وائٹ پیپر پیش کریں تاکہ یہ پتہ چلے کہ نظام اسٹیٹ کے انضمام کے بعد آندھراپردیش اسٹیٹ میں کتنے لاکھ ایکر اور کتنے اثاثہ جات تھے۔ آج 74 فیصد اوقافی جائیدادیں قابضین کے قبضہ میں ہے اور کئی ریکارڈ میں تو وقف بورڈ کی جانب سے مسمار کردیا گیا اور وقف بورڈ کے رشوت خور عہدیداران و وکلاء کی جانب سے کئی لینڈ گرابرس کی مدد کرتے ہوئے اوقافی اثاثوں کو لینڈ گرابرس کے حوالے کردیا گیا۔ گذشتہ 70 سال سے کانگریس کی حکومت ہو یا تلگودیشم کی حکومت، برسراقتدار شخصیتوں کا وقف جائیدادیں نشانہ رہیں جس کو لوٹا گیا اور اتنے بڑے اسکینڈل کا سی بی سی آئی ڈی کی جانب سے تحقیقات ناکافی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اگر کے سی آر حکومت اس تعلق سے ماضی میں ہونے والی کانگریس اور تلگودیشم کے دور حکومت میں ہونے والی دھاندلیاں لاکھوں کروڑوں کی لوٹ کو بے نقاب کئے۔ تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کو مکتوب روانہ کریں کہ اس کی نگرانی میں سی بی آئی کے ذریعہ تحقیقات کرے اور کے سی آر حکومت سنٹرل وقف بورڈ کو بھی آگاہ کرے کہ ہم صاف و شفاف تحقیقات کرنا چاہتے ہیں۔ انکوائری کمیشن کے گائیڈ میں تمام مسلمانوں کو جو اوقافی جائیدادوں کے تحفظ میں جدوجہد کررہے ہیں، انہیں شرکت کرتے ہوئے اپنی جائز شکایتوں کو درج کرنے کا موقع دیں۔

پٹرول پمپس میں ہیرا پھیری کا جائزہ لینے اسپیشل آپریشن ٹیم متحرک

تلنگانہ، اے پی اور کرناٹک کے کئی پٹرول پمپس پر بے ضابطگیوں میں ملوث گروہ قانون کے شکنجے میں

حیدرآباد (ایس این بی) سائبر آباد پولیس کی اسپیشل آپریشن ٹیم (ایس او ٹی) نے ایندھن کی ترسیل کرنے والی مشینوں میں ہیرا پھیری والے سافٹ ویئر کیساتھ چپس لگا کر تلنگانہ، آندھراپردیش اور کرناٹک کے کئی پٹرول پمپوں پر بے ضابطگیوں میں ملوث ایک گروہ کا پردہ فاش کیا ہے۔ پولیس نے اس کاروائی کے دوران آٹھ افراد کو گرفتار کیا جن میں بنک آپریٹرس، عملہ اور پٹرول پمپ کے مالکان شامل ہیں۔ عہدیداروں نے انٹیگریٹڈ چپس کی تنصیب کا سراغ لگایا جو ہیرا پھیری سافٹ ویئر کیساتھ پروگرام کیے گئے تھے، مختلف پٹرول بنکوں پر ایندھن بھرنے والی مشینوں میں بھی بھاری نقصان کا باعث بنے۔ ڈسپنسرز پر دکھائے جانے سے کم ایندھن کی ترسیل کے ذریعے صارفین عہدیداروں نے بتایا کہ اس گھوٹالے میں کروڑوں کا ایندھن شامل ہے۔ گرفتار افراد کی شناخت محمد فیض الباری، کوردے سندیپ، محمد اسلم اور کے نرسنگ راو شامل ہیں۔ کے مالکان جنہیں گرفتار کیا گیا تھا پولیس نے بتایا کہ آندھراپردیش، کرناٹک 'سدی پیٹ اور دیگر مختلف مقامات سے تعلق رکھنے والے ملزمان کیخلاف آئی پی سی سیکشن 420 (دھوکہ دہی) دفعہ 265 غلط پیمائش کی دھوکہ دہی اور 266 غلط وزن یا ناپ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

مرکزی سیرت کمیٹی کا جشن رحمۃ للعالمینؐ

علامہ عبیداللہ خاں اعظمی، مولانا تجمل حسن کی شرکت کی توثیق

حیدرآباد۔ (راست) مرکزی سیرت کمیٹی سکنڈ لانسر کے جشن رحمۃ للعالمین کے مجلس استقبالیہ کا مشاورتی اجلاس غوث منزل سکنڈ لانسر میں الحاج محمد غوث قادری صدر سیرت کمیٹی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں جشن رحمۃ للعالمین کے سلسلہ میں مشاورت کی گئی معتمد استقبالیہ سید صادق علی قدیر نے اجلاس کو بتایا کہ جشن میں مقامی علماء کرام کے علاوہ علامہ عبیداللہ خاں اعظمی سابق ایم پی (یوپی)، مولانا تجمل حسن بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کریں گے جنہوں نے بنی آمد کی توثیق بھی کئے ہیں، ان کے علاوہ مولانا سید متین علی شاہ، مفتی ذاکر حسین شرکت و مخاطب کریں گے۔ اس جشن کے موقع پر شرکت کرنے والے حضرات کیلئے عشائیہ کا بھی اہتمام رہے گا، جشن کے انتظامات کے سلسلہ میں ذیلی کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئی محکمہ جات پولیس بلدیہ آر ٹی سی کو مراسلہ جات روانہ کیا گیا ہے عنقریب اجازت نامہ حاصل ہوگا اس جشن میں لگ بھگ دس ہزار سے زائد دونوں شہروں کے علاوہ اضلاع سے مسلمان شرکت کریں گے تعارفی اجتماعات کا بھی آغاز ہونے والا ہے جشن 9 ربیع الاول کو محمدی لائن سکنڈ لانسر علاقہ میں منعقد ہوگا۔ انتظامات کے سلسلہ میں روزانہ معتمد استقبالیہ کی اراکین استقبالیہ کے ساتھ مشاورت جاری ہے۔ مزید مقامی علماء کرام کو بھی مراسلہ روانہ کے گئے ہیں عنقریب ناموں کا اعلان کیا جائیگا۔ محمد مسعود فضل مرزا، محمد شکیل، محمد سہیل قادری، میر عابد علی، محمد اقبال، محمد جمشید وغیرہ اجلاس میں شرکت کئے۔

حمیدیہ میں آج دوسری محفل میلادالنبیؐ

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) اسلامک ہسٹری ریسرچ کونسل (انڈیا) آئی ہرک اور مجلس انتظامی درگاہ شریف حضرت تاج العرفاءؒ کے زیراہتمام آج شنبہ، ۲ ربیع الاول م ۹ اکٹوبر، بعد نماز مغرب، حمیدیہ شرفی چمن سبزی منڈی قدیم میں جاری ۲۶ روزہ محافل میلادالنبیؐ کے سلسلہ کی دوسری محفل مبارک منعقد ہوگی۔ صاحبزادہ سید محمد علی موسیٰ رضا حمیدی علی پاشاہ، مولانا مفتی سید محمد سیف الدین حاکم حمیدی کامل نظامیہ و معاون ڈائرکٹر آئی ہرک اور پروفیسر سید محمد حسیب الدین حمیدی جائنٹ ڈائرکٹر آئی ہرک کے خطابات ہوں گے۔ بعد ازاں نگران محفل ڈاکٹر سید محمد حمید الدین شرفی ڈائرکٹر آئی ہرک و سجادہ نشین درگاہ حضرت تاج العرفاءؒ مخاطبت کا شرف پائیں گے۔ شعراء کرام ہدیہ نعت پیش کریں گے۔ بعدہٗ تناول تبرک ہوگا۔

محافل سالانہ نعت شریف کے ضمن میں خصوصی اجلاس کا انعقاد

حیدرآباد۔ (راست) یاقوت پورہ میں خصوصی اجلاس محافل سالانہ نعت شریف منعقد ہوا۔ سالانہ محافل جشن میلادالنبیؐ کے موقع پر قاری محمد شہباز نقشبندی القادری موذن مسجد قادرالدولہ کوٹلہ علی جاہ نے مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرمؐ کو دنیا میں مبعوث فرما کر ساری امت کیلئے احسان عظیم کیا۔ سرکار دو جہاںؐ کی آمد پر خوشی کا اظہار کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے۔ سید غوث قادری صوفیانی نے کہا کہ ماہ ربیع الاول میں میلادالنبیؐ کے جلسوں کا اہتمام کیا جاتا ہے جو باعث برکت ہے۔ 12 ربیع الاول کو غریبوں، یتیموں، بیواؤں، معذوروں کو محلے کا کوئی شادی خانہ یا کمیونٹی ہال بک کروا کر زیادہ سے زیادہ کھانا کھلائیں اور بیماروں میں دواخانہ پہنچ کر پھل وغیرہ تقسیم کریں۔ سید تاج الدین نقشبندی القادری نے اپنے خطاب میں نوجوانوں سے خواہش کی کہ اپنے اپنے مکانات دکانات پر روشنی اور جھنڈوں کے ذریعہ منور کریں۔

جشن میلادالنبیؐ

حیدرآباد۔ (راست) بزم میلادالنبیؐ کے پریس نوٹ کے مطابق نور کی برسات کانفرنس کا آج دوسرا اجلاس 9 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نماز مغرب مسجد حضرت مولوی محمد زماں خان، روپ لال بازار میں مقرر ہے جس کی نگرانی سید شاہ احمد علی تاجی شرفی القادری فرمائیں گے۔ قاری محمد معاویہ علی ملتانی قادری کی قرأت کلام پاک کے بعد سید انوار علی سلمان کی نعت ہوگی۔ بعد ازاں نگران محفل کا خطبہ استقبالیہ ہوگا۔ بعد ازاں مہمان مقرر مولانا معارف رضا اشرفی کا ایمان افروز خطاب ہوگا۔

ہفتہ واری مجلس ذکر و درود شریف

حیدرآباد۔ (راست) حضرت سید شاہ سعدو بنے شطاری ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ کا ہفتہ واری مجلس ذکراللہ و درود شریف بمقام کاشیانہ شطاریہ روبرو مسجد یسین جنگ، دبیر پورہ میں 9 اکتوبر بعد نماز عشاء مقرر ہے۔ مجلس کی نگرانی سید شاہ حامد حسین شطاری کریں گے۔ عوام الناس اور اہل سلسلہ سے شرکت کی درخواست ہے۔ تفصیلات 9989190780 پر حاصل کریں۔

سالانہ جشن میلادؐ و نیاز شریف

حیدر آباد۔ (راست) بارگاہ حضرت صوفی سید شاہ علی میراں قادری بخاریؒ عطاپور میں 14 ربیع الاول مطابق 21 اکتوبر کو سالانہ جشن عید میلادالنبیؐ و سالانہ نیاز شریف حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ مقرر ہے۔ جس میں بعد عصر مجلس قصیدہ بردہ شریف بعد عشاء محفل سماع ہوگی۔ حضرت سید شاہ قطب الدین قادری بخاری چشتی کلیمی سرپرستی کریں گے۔ مولانا سید محمود علی شاہ قادری بخاری کلیمی سید مصطفیٰ علی شاہ قادری بخاری کلیمی نگرانی کریں گے۔ سید اکبر علی شاہ بخاری نے شرکت کی اپیل کی ہے۔

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کا خصوصی اقدام۔ پرچہ امتحان کی تیاری میں نصاب کا محض 70 فیصد مواد استعمال

سال گزشتہ کووڈ کے باعث سہل سوالات پر مبنی پرچہ کے بعد امسال بھی بورڈ کی مثالی کاوشیں۔ 1800 امتحانی مراکز کا انتخاب۔ نیا طریقہ کار طبیعیات اور ریاضی کے طلباء کیلئے فائدہ مند



حیدرآباد۔ (ایس این بی) تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایئر کے طلباء کے عوامی امتحانات کے خدشات کو دور کیا ہے اور کہا ہے کہ بورڈ نے طلباء میں پائی جانے والی کشیدگی کے پیش نظر انسانی ہمدردی کا رویہ اپنایا ہے۔ بورڈ کے ایک عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی خواہش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ سوالات، جو کہ نصاب کے صرف 70 فیصد کی بنیاد پر مرتب کیے گئے ہیں، میں کئی انتخابی سوالات ہوں گے۔ کم از کم کسی حد تک اس مضمون کا مطالعہ کرنے والے کیلئے امتحان مشکل نہیں ہوگا۔ عہدیدار نے کہا کہ عملی امتحانات کے انعقاد میں بھی نرمی دکھائی جاسکتی ہے۔ طلباء میں تخلیقی صلاحیتوں کو سامنے لانے کیلئے طلبہ سے سوالات پوچھنے کیلئے امتحان دینے والوں کو احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ پچھلے سال کووڈ وبائی مرض کی وجہ سے انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایئر کے طلباء کیلئے عوامی امتحان نہیں لیا گیا تھا۔ پہلے سال میں تقریباً 4.75 لاکھ طلباء کو پاس قرار دیا گیا اور دوسرے سال میں ترقی دی گئی۔ دوسرے سال میں بھی اگر کوئی ایسی صورت حال پیدا ہوتی ہے جہاں امتحانات نہیں ہوسکتے ہیں تو یہ ان کیلئے ایک بڑا چیلنج ہوگا۔ اس پس منظر میں بورڈ 25 اکتوبر سے امتحانات کے انعقاد کیلئے خود کو تیار کررہا ہے۔ اگر دوسرے سال کے پبلک امتحانات نہیں ہوسکے تو پہلے سال کے نمبروں کو دوسرے سال کے طلباء کو بھی ایوارڈ کے نشان کے طور پر سمجھا جائیگا۔ ٹی ایس بی آئی ای نے پہلے سال کے طلباء کیلئے ماڈل پیپرس دستیاب کرائے ہیں۔ بہت آسان سوالات اور جن موضوعات کو آن لائن کلاسوں کے ذریعے آسانی سے سمجھا جاتا تھا ان کا انتخاب پرچہ ترتیب دینے کیلئے کیا گیا۔ امتحان دینے والوں نے پرچہ ترتیب دینے کیلئے نصاب کا صرف 70 فیصد مواد کا انتخاب کیا۔ ایک سے زیادہ انتخابی سوالات دیئے گئے تھے تاکہ 90 فیصد طلباء سوالات کے جواب آسانی سے دے سکیں۔ یہ طریقہ طبیعیات اور ریاضی کے طلباء کیلئے انتہائی فائدہ مند ہوگا۔ انٹرمیڈیٹ سال اول کے امتحانات 1800 امتحانی مراکز میں منعقد کیے جائیں گے۔ اساتذہ کی کمی، جو امتحانات کے انعقاد اور تشخیص سے اہم کردار ادا کرتی ہے، نہ صرف پہلے سال کے طلباء بلکہ دوسرے سال کے طلباء کو بھی متاثر کرے گی۔ دوسرے سال کے وسط میں آنے والے طلباء مختلف مسابقتی امتحانات کی تیاری کر رہے ہیں۔ امتحانات کے بعد انٹرمیڈیٹ کلاسیس معمول کے مطابق ہوں گی۔

سالانہ جشن میلادالنبیؐ و ماہانہ مجلس فاتحہ سیدہ فاطمہؓ

حیدرآباد۔ (راست) سالانہ محفل جشن عید میلادالنبیؐ و ماہانہ مجلس فاتحہ سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ بمقام خانقاہ فاطمی قاضی پورہ اسٹور میں 3 ربیع الاول مطابق 10 اکتوبر بروز اتوار مقرر ہے۔ بعد مغرب قرآن خوانی میلاد خوانی محفل ذکر و درود مقرر ہے۔ اور بعد عشاء سالانہ محفل نعت پاک و مجلس سماع ہوگی۔ جس کی صدارت و نگرانی سید شاہ عبدالغفور فاطمی القدیری کریں گے۔ محفل کا آغاز قاری منہاج قادری کی تلاوت کلام پاک سے ہوگا۔ سید عبدالستار فاطمی، سید عبدالرحیم فاطمی، سید عبدالکریم فاطمی نے شرکت کی خواہش کی ہے۔ معلومات 8143498986 پر حاصل کریں۔

آج جلسہ عظمت اولیاء

حیدرآباد۔ (راست) بضمن عرس حضرت صوفی شاہ محمد حسین شطاریؒ حضرت صوفی شاہ محمد غلام رسول شطاریؒ واقع اناساگر جوگی پیٹ میں 9 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جلسہ عظم اولیاء منعقد ہوگا جس کی نگرانی حضرت شاہ محمد خلیل حسین شطاری قادری سجادہ نشین متولی کریں گے۔ مولانا سید شاہ عزیز اللہ قادری نقشبندی، مولانا سیس شاہ کلیم اللہ محمد محمد الحسینی آصاف پاشاہ، مولانا محمد احمد نقشبندی، مولانا محمد مشہود عالم شرفی، مولانا عبدالحئی بینائی چشتی قادری، مولانا حافظ محمد عبدالرشید نقشبندی خطاب کریں گے۔ محمد عارف نعیم قادری کی نعت شریف ہوگی۔

ممتاز کالج میں ڈگری، انٹر، پی جی اور انجینئرنگ کورسز میں داخلے

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) ممتاز کالج، ملک پیٹ میں تعلیمی سال 22-2021 کیلئے انٹر، ڈگری، پی جی اور انجینئرنگ کورسیس میں داخلے کے لیے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ 1957 میں شروع ہونے والا یہ کالج 29 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے۔ کیمپس میں تمام سہولیات دستیاب ہیں۔ ٹرسٹ کی جانب سے کالج کو چلایا جاتا ہے۔ ماہر تعلیم نواب محبوب عالم خان سکریٹری ہیں۔ اس سال بدلتے وقت اور عصری تقاضوں کے مطابق کئی نئے کورسیس متعارف کروائے گئے ہیں۔ تفصیلات کیلئے 7842138122 پر طلبہ و اولیائے طلبہ ربط کرسکتے ہیں۔

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن
GHMC
'ای' پروکیورمنٹ نوٹس
NIT.No. 22/SE/SLPZ/GHMC/2021-22
مورخہ: 08-10-2021

ای آئی ٹی نمبر	کام کا نام	تخمینی لاگت ای سی وی	تاریخ آغاز و بولی کی رسید اندر کرنے کی قطعی تاریخ	عہدیدار کا نام اور موبائل نمبر
NIT.NO.22/EE SLPZ/GHMC/ 2021-22 08-10-2021	[illegible]	382.50 لاکھ	8-10-2021 کو 2 بجے 18-10-21 کو 2.30 بجے	ایس ای ایس ایل پی زیڈ جی ایچ ایم سی سیل 7331186858

R.O.No.16793-PP/CL/ADVT/1/2021-22
دستخط/- سپرنٹنڈنگ انجینئر، [illegible] زون۔ جی ایچ ایم سی

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن
GHMC
ای ای۔ سرکل 30۔ بیگم پیٹ۔ سکندرآباد زون
'ای' پروکیورمنٹ نوٹس
NIT.No. 37/EE-30/SDZ/GHMC/2021-22
مورخہ: 08-10-2021

ای آئی ٹی نمبر	کام کا نام	تخمینی لاگت ای سی وی	تاریخ آغاز و بولی کی رسید اندر کرنے کی قطعی تاریخ	عہدیدار کا نام اور موبائل نمبر
NIT.NO.37/EE 30/SDZ/GHMC 2021-22 08-10-2021	[illegible] 149 [illegible] سکندرآباد زون۔ جی ایچ ایم سی	5.60 لاکھ	11-10-2021 کو 12 بجے 12-10-21 کو 12 بجے	ای ای سرکل 30 جی ایچ ایم سی سکندرآباد زون 9989930376

ای پی ڈی کیورمنٹ www.tender.telangana.gov.in پر ملاحظہ کریں۔
R.O.No.16787-PP/CL/ADVT/1/2021-22
دستخط/- سپرنٹنڈنگ انجینئر، [illegible] زون۔ جی ایچ ایم سی

ریاستی حکومت کا اردو ترجمان

ماہنامہ تلنگانہ کا شمارہ منظر عام پر

ماہنامہ تلنگانہ حیدرآباد

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) سید محمد افتخار مشرف اڈوائزر ماہنامہ تلنگانہ اردو کی اطلاع کے بموجب ریاستی حکومت کا ترجمان ماہنامہ تلنگانہ اردو ماہ اکتوبر زیرسرپرستی سید احسن ہاشمی ڈپٹی ڈائرکٹر محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ ایک نئے انداز میں شائع ہوا ہے۔ جس میں ماہ اکتوبر کی مناسبت سے مضامین، اسپورٹس، ثقافتی، تہذیبی، تعلیمی، مذہبی مضامین بھی شامل ہیں۔ ایڈیٹر ڈاکٹر علی باز ہر حما اور اسوسی ایٹ ایڈیٹر ڈاکٹر محمد کلیم محی الدین ہیں۔ رسالہ کے خریدار بننے و تفصیلات کیلئے 9000611930 پر ربط پیدا کریں۔

ڈاکٹر بونتھو کوٹیا اُردو یونیورسٹی اساتذہ انجمن کے صدر منتخب

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اساتذہ کی انجمن (مانوٹا) کے تمام عہدیداروں کا بلا مقابلہ انتخاب عمل میں آیا۔ پروفیسر نثار احمد آئی ملا، صدر نشین انتخابات کمیٹی کے بموجب 7/ اکتوبر کو جاری کردہ نتائج کے مطابق ڈاکٹر بونتھو کوٹیا، اسٹنٹ پروفیسر، ایس و آئی ٹی، صدر؛ ڈاکٹر سیّد محمود کاظمی، ایسوی ایٹ پروفیسر، شعبہ ترجمہ، نائب صدر؛ جناب محمد فصیح الدین، اسٹنٹ پروفیسر، پالی ٹیکنک، جنرل سکریٹری؛ جناب سید علوی کے، اسٹنٹ پروفیسر مینجمنٹ، جوائنٹ سکریٹری (آرگنائزنگ)؛ ڈاکٹر کہکشاں لطیف، اسٹنٹ پروفیسر، شعبہ ترجمہ، جوائنٹ سکریٹری (پبلسٹی) اور ڈاکٹر سید محمد فضل الحق، اسٹنٹ پروفیسر، پالی ٹیکنک، خازن منتخب ہوئے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر؛ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرووائس چانسلر اور پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پروفیسر افروز عالم ان انتخابات کے مبصر تھے۔ مانوٹا انتخابات کمیٹی کے دیگر اراکین میں ڈاکٹر ایس مقبول احمد، ڈاکٹر ایچ علیم باشا شامل ہیں۔ ڈاکٹر وقار النساء اور ڈاکٹر پی شرت چندر، کو آپٹڈ ممبر تھے۔ جناب محمد فرحت اللہ ٹکنیکی معاون تھے۔

مرکز کی نئی اسکریپ پالیسی کے باعث تلنگانہ میں 1.25 کروڑ سے زائد گاڑی مالکان پر بوجھ

15 سال بعد بھی گاڑیوں کے استعمال پر بھاری رقم خرچ کرنی ہوگی

حیدرآباد۔ (ایس این بی/ایجنسیز) مرکز کی نئی اسکریپ پالیسی تلنگانہ میں 1.25 کروڑ سے زائد گاڑیوں کے مالکان پر بہت بڑا مالی بوجھ ڈالے گی کیونکہ اب اگر وہ 15 سال بعد بھی اپنی گاڑیاں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو انہیں 7 ہزار سے 10 ہزار روپے خرچ کرنے پڑیں گے۔ روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کی وزارت نے پرانی گاڑیوں کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی تجدید کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ نئے قوانین یکم اپریل 2022 سے نافذ ہوں گے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے ذرائع کے مطابق یہاں 1.25 کروڑ سے زائد گاڑیاں ہیں جن میں سے اکثریت دو پہیوں والی ہے جو 15 سال سے زیادہ پرانی ہے۔ ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ 13 لاکھ سے زائد گاڑیاں ہیں جو 20 سال پرانی ہیں اور 14 لاکھ گاڑیاں جو کہ 15 سال پرانی ہیں (جو تجارتی گاڑیوں کے زمرے میں آتی ہیں)۔ فی الحال ٹو وہیلر گاڑیوں کے دوبارہ رجسٹریشن پر تقریباً 850 روپے لاگت آئے گی اور اگر تاخیر ہوتی ہے تو تین سو روپے اضافی رقم بطور جرمانہ وصول کی جائیگی۔ لیکن ایک بار نئی پالیسی کے نافذ ہونے کے بعد ٹو وہیلرس کے مالکان کو گاڑی کو سڑک پر لانے کیلئے سالانہ تقریباً 7 ہزار روپے خرچ کرنے پڑیں گے۔ فور وہیلرس کی صورت میں موجودہ رجسٹریشن لاگت 1200 روپے ہے اور اگر نئے رجسٹریشن میں تاخیر ہوتی ہے تو 500 روپے یومیہ جرمانہ ہے۔ نئے اصول کے تحت، گاڑی کے مالک کو پرانی گاڑی کو دوبارہ استعمال کرنے کیلئے سالانہ 10 ہزار روپے ادا کرنے ہوں گے۔ اس کے علاوہ اسے ٹو وہیلرس کیلئے 285 روپے اور فور وہیلرس کیلئے 5 سو روپے کا گرین ٹیکس دینا ہوگا۔ آٹو یونینز حکومت کے فیصلے کیخلاف ہیں۔ تلنگانہ آٹو اینڈ موٹر ویلفیئر یونین کے جنرل سکریٹری نے کہا کہ حکام کو سرکاری محکموں جیسے میونسپل کارپوریشنز وغیرہ میں پرانی گاڑیاں ہٹانی چاہئیں جو فٹنس ٹیسٹ کے لیے نہیں آتی ہیں۔ حکومت کو گرین ٹیکس اکٹھا کرنا بند کرنا چاہیے۔ انفرادی زمرے میں حکومت کو صرف وہ گاڑیاں ہٹانی چاہئیں جو آلودہ ہیں اور تمام گاڑیوں کی عمر کی بنیاد پر نہیں۔